# باب 11
# پھولوں کی وادی



اترانچل کی پہاڑیوں میں ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہر جگہ پھول ہی پھول کھلے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہ جگہ 'پھولوں کی وادی' کہلاتی ہے۔ کچھ مقامات پر جھاڑیوں پر کھلتے ہوئے سرخ پھول دیکھے جاسکتے ہیں اور کہیں دو پتھروں کے درمیان سے جھانکتے ہوئے سفید پھول۔ یہاں بہت وسیع علاقے پر پیلے پیلے پھولوں کا جیسے قالین بچھا ہوا ہے۔ اور اچانک کہیں اور، نیلے پھول ننھے ننھے ستاروں کی طرح گھاس میں چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہ سب ایک حسین خواب کی طرح محسوس ہوتا ہے۔ ہے نا؟ ہاں، کیونکہ کسی خواب ہی کی طرح یہ پھول سال بھر میں صرف کچھ ہفتوں کے لیے کھلتے ہیں۔

اب اپنی آنکھیں بند کرو اور تصور کرو کہ تم ایسی جگہ پہنچ گئے ہو۔ کیسا محسوس ہوتا ہے؟ کون سے گانے گانے کو تمھارا دل چاہتا ہے؟

- کیا تم نے اتنے بہت سارے پھول ایک ساتھ کھلتے ہوئے دیکھے ہیں؟ کہاں؟

- کتنے مختلف رنگوں کے پھول تم نے دیکھے ہیں؟

- ان کے رنگوں کے نام لکھو۔

© NCERT not to be republished

اب تم گنتے ہی رہ گئے نا؟ صحیح کہا نا؟

کیا تمھارے گھر میں ایسی چیزیں ہیں جن پر پھولوں کے نمونے بنے ہوئے ہیں مثلاً کپڑے، چادریں، پھول دان، وغیرہ؟

ذیل کے باکس میں پھولوں کا ایک خوبصورت نمونہ بنا ہوا ہے۔



تصویر میں جو نمونہ ہے وہ 'مدھوبنی' کہلاتا ہے۔ یہ ایک بہت قدیم لوک آرٹ کی قسم ہے۔ کیا تم جانتے ہو کہ یہ مدھوبنی کیوں کہلاتا ہے؟ بہار میں ایک ضلع ہے جو مدھوبنی کہلاتا ہے۔ یہاں تہواروں اور دیگر خوشی کے موقعوں پر گھروں کی دیواریں اور آنگن اس قسم کی تصویروں سے رنگے اور سجائے جاتے ہیں۔ یہ تصویریں بہت باریک پسے ہوئے چاولوں کے پیسٹ سے بنائی جاتی ہیں جس میں رنگ کی آمیزش کی جاتی ہے۔ مدھوبنی تصویروں میں جو رنگ استعمال کیے جاتے ہیں وہ بھی بہت خاص ہوتے ہیں۔ ان کو بنانے کے لیے نیل، ہلدی، پھولوں اور پیڑوں سے حاصل شدہ رنگوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان پینٹنگ میں انسانوں، جانوروں، پیڑ، پھول، چڑیاں، مچھلی اور دیگر بہت سے جاندار بھی بنائے جاتے ہیں۔

اپنی کاپی میں خود ایک نمونہ بناؤ اور ساتھ ہی اس میں رنگ بھی بھرو۔

اپنے دوستوں کے بنائے ہوئے نمونوں کو بھی دیکھو۔

**برائے استاد:** بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اترانچل کو نقشے میں تلاش کر سکیں۔



not to be republished

## پھولوں کی دنیا

یہاں پر پھولوں کی کچھ تصویریں دی گئی ہیں۔ جن پھولوں کی تم شناخت کر سکتے ہو ان پر (✓) کا نشان لگاؤ۔ تم اگر جانتے ہو تو ان کے نام بھی لکھو۔











- مندرجہ بالا تصویروں سے اور دیگر پھول سے جن کے ناموں سے تم واقفیت رکھتے ہو، دو کے نام لکھو جو
  - پیڑوں پر کھلتے ہیں
  - جھاڑیوں پر کھلتے ہیں



2019-20

- بیلوں پر کھلتے ہیں
- آبی پودوں پر کھلتے ہیں
- صرف رات میں کھلتے ہیں
- دن میں کھلتے ہیں اور رات میں بند ہو جاتے ہیں
- کن پھولوں کی تم خوشبو سے ہی شناخت کر سکتے ہو چاہے تمھاری آنکھیں بند کیوں نہ ہوں؟
- کون سے پھول پورے سال کھلتے ہیں ؟
- کون سے پھول کسی خاص مہینے میں ہی کھلتے ہیں۔

کیا کچھ ایسے بھی پیڑ پودے ہیں جن پر کبھی پھول نہیں کِھلتے؟ معلوم کرو اور لکھو۔

## ایسا کیوں؟

- کیا تم نے اس طرح کی تختی کہیں لگی ہوئی دیکھی ہے؟
- اس طرح کی تختی کے موجود ہونے کے باوجود بھی کیا لوگ پھول توڑتے ہیں؟
- تمھارے خیال سے لوگ ایسا کیوں کرتے ہیں؟
- کیا انھیں ایسا کرنا چاہیے؟
- کیا ہوگا اگر سب ہی لوگ پھول توڑتے رہیں گے؟




© NCERT not to be republished

## آئیے ہم غور سے دیکھیں

جو بچے پھول لا سکتے ہیں۔ایک یا دو پھول کلاس میں لے کر آئیں۔یاد رکھو تمھیں صرف زمین پر گرے ہوئے پھول ہی جمع کرنے چاہیے کوئی پھول توڑو نہیں۔تین یا چار بچوں کا گروپ بنا کر ایک پھول کو غور سے دیکھو۔

- پھول کا رنگ کیسا ہے؟

- اس کی خوشبو کس طرح کی ہے؟

- پھول کیسا لگتا ہے—ایک گھنٹی کی شکل کا، پیالے کی طرح، برش یا کسی اور طرح کا؟

- کیا یہ پھول گچھّوں میں کھلتے ہیں؟

- اس میں کتنی پتیاں ہیں؟

- کیا ساری پتیاں ایک ساتھ جڑی ہوئی ہیں یا الگ الگ ہیں؟

- پنکھڑیوں کے بیرونی حصے میں کیا تم پتّی جیسا ہرا ڈھانچہ دیکھ سکتے ہو؟ یہ تعداد میں کتنے ہیں؟

- پنکھڑیوں کے اندر پھول کے درمیان کیا تم کچھ باریک سی چیزوں کو دیکھ سکتے ہو؟ اس کے رنگ کے بارے میں لکھو۔

© NCERT not to be republished

- جب تم ان کو چھوتے ہو تو کیا تم سفوف جیسی چیز ہاتھوں پر محسوس کرتے ہو؟

## کِھلتی کلیاں!



تم نے پودوں پر کلیاں دیکھی ہوں گی ۔ اگر تمہارے اسکول یا گھر کے نزدیک کوئی پھول دار درخت لگا ہوا ہے تو اس کی کلیوں کو غور سے دیکھو۔

- ایک پھول اور ایک کلی کے درمیان تم کیا فرق پاتے ہو؟

- ایک کلی اور اس کے پھول کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ۔
- کیا تم بتا سکتے ہو ایک کلی کو پھول بن کر کھلنے میں کتنے دن لگتے ہیں؟

آؤ ہم کوشش کریں اور معلوم کریں۔

- ایک کلی کا انتخاب کرو جو ایک پودے پر لگی ہوئی ہے اور اس کو ہر روز دیکھو۔ پودے کا نام لکھو۔

- جب تم نے پہلی بار اس کلی کو دیکھا تو کون سی تاریخ تھی۔ ________

اب جب کہ کلی کھل کر پھول بن چکی ہے تو کون سی تاریخ ہے ــــــ ایک کلی نے پھول بننے میں کتنے دن لگائے؟

- اپنے دوستوں سے مختلف پھولوں کے نام دریافت کرو جو انھوں نے دیکھے ہیں۔ ان کی کلیوں کو کھل کر پھول بننے میں کتنا وقت لگا؟

- یہ بھی غور کرو کہ اسی پھول کو سوکھنے میں کتنے دن لگے؟

## اتنے بہت سے استعمال!

### پھول کھائے بھی جاتے ہیں!

ہم اپنی روزمرہ زندگی میں پھولوں کو کس کس طرح استعمال میں لاتے ہیں۔ کیا تم جانتے ہو کہ پھول کھائے بھی جاتے ہیں؟ بہت سارے پھول سبزیوں کی طرح پکائے بھی جاتے ہیں۔

اتر پردیش میں فیروزہ اور نیلما کچنار کے پھولوں سے تیار شدہ سبزی کو بڑے شوق سے کھاتی ہیں۔

- کیرل میں یامنی اپنی والدہ سے کیلے کے پھولوں کی سبزی بنوا کر کھانا بہت پسند کرتی ہے۔
- ممتا اور عمر جو مہاراشٹر کے رہنے والے ہیں سہجن کے پھولوں کے پکوڑے پسند کرتے ہیں۔

کیا تمہارے گھر میں پھولوں کو سوکھی سبزی کی طرح یا شوربے دار سالن کی طرح یا بطور چٹنی پکایا جاتا ہے؟ معلوم کرو کہ کن پھولوں کو اس طرح کے استعمال میں لایا جاتا ہے۔

### پھول دوائوں میں

پھولوں کا استعمال بہت سی دوائیں بنانے میں بھی ہوتا ہے۔

- کسی بھی دو قسم کے پھولوں کے نام معلوم کرو جو دوائیں بنانے کے کام میں آتے ہیں۔

______________________

تمہارے گھر میں عرق گلاب کیسے استعمال میں لایا جاتا ہے؟ کیا یہ دوا کے طور پر یا بطور مٹھائی، لسّی یا اور کسی طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے؟ معلوم کرو اور دوسروں کو بھی بتاؤ۔

### پھولوں میں رنگ

پھولوں مثلاً گیندے، زینیا وغیرہ سے بہت سے رنگ تیار کیے جاتے ہیں۔ یہ رنگ کپڑوں کی رنگائی میں بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔

- معلومات حاصل کر کے کچھ اور پھولوں کے نام لکھو جو رنگ بنانے کے کام میں لائے جاتے ہیں۔

- کیا تم ایسے رنگ کے بارے میں سوچ سکتے ہو جس کے رنگ کا کوئی پھول نہیں ہوتا؟

- ایسے پھولوں کے نام لکھو جن کا استعمال عطر بنانے میں ہوتا ہے۔



تم نے نانی یا دادی کے پرانے نسخوں کے بارے میں سنا ہوگا جن میں پھولوں کا استعمال ہوتا ہے۔ یہاں ایک نسخہ دیا جا رہا ہے جس میں عرق گلاب کا استعمال کیا گیا ہے۔

## نانی یا دادی کا نسخہ

عرق گلاب اور گلیسرین کو برابر مقدار میں ملا لو۔ اس کو ایک بوتل میں بھر کر رکھ لو۔ اس میں چند قطرہ لیموں کے عرق ملاؤ۔ سردیوں کے موسم میں اس آمیزہ کو اپنی جلد پر لگاؤ۔ تمھاری جلد خشک نہیں ہوگی اور نہ ہی پھٹے گی۔

کیا تم نے عطر کی چھوٹی شیشی کھولنے پر اس کی خوشبو محسوس کی ہے؟ کیا تم جانتے ہو محض ایک چھوٹی سی عطر کی بوتل بہت سارے پھولوں سے تیار کی جاتی ہے؟

اتر پردیش کا ضلع قنوج عطر کے لیے مشہور ہے۔ یہاں ٹرکوں میں بھر کر پھولوں کو آس پاس کے علاقوں سے اس مقصد کے لیے لایا جاتا ہے۔ عطر گلاب، عرق گلاب اور عرق کیوڑہ، پھولوں سے تیار کیے جاتے ہیں۔ ہزاروں لوگ قنوج میں اس کام میں مصروف رہتے ہیں۔

**برائے استاد:** بچوں کو نقشے میں اتر پردیش، کیرل اور مہاراشٹر ڈھونڈنے میں مدد کریں۔ بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ عطر پھولوں کا خالص عرق ہوتا ہے۔



2019-20

© NCERT not to be republished

## دیگر استعمال

- کیا تم نے کبھی پھولوں کے بارے میں گیت پڑھا یا سنا ہے۔ آ یئے اس گیت کو گائیں۔

''اچھی مالن، میرے بنّے کا بنا لا سہرا
باغِ جنت گئی مالن میری، پھولوں کے لیے
پھول نہ ملیں تو کلیوں کا بنا لا سہرا''۔

## معلوم کرو

- کیا تم جانتے ہو ایسے گیت کب گائے جاتے ہیں؟
- کیا تم یا کوئی اور تمہارے گھر میں اس طرح کے اور گیت جانتے ہیں؟ گیت اور نظمیں وغیرہ جو پھولوں کے بارے میں ہوں، انھیں جمع کرو، لکھو اور ان کو جماعت کے کمرہ میں لگاؤ۔
- کیا تمھارے بزرگ کئی موقعوں پر کوئی خاص قسم کے پھولوں کا استعمال کرتے ہیں۔ مختلف موقعوں پر استعمال میں لائے جانے والے پھولوں کی فہرست مرتب کرو۔

| موقع | پھول کا نام |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

**برائے استاد:** بنّا — دولہا۔ بچوں سے معلوم کریں کہ ان کے علاقے میں بنّے، کو کیا کہتے ہیں؟

واقعی اگر پھولوں کے اتنے زیادہ استعمال ہیں تو یقیناً ہمیں ڈھیر سارے پھولوں کی ضرورت پیش آتی ہے۔ پھولوں کی کاشت بہت ساری جگہوں پر ہوتی ہے۔ تصور کرو میلوں تک پھیلے ہوئے پھولوں کے باغات! کس قدر حسین!

## آئیے اور کچھ جانیں

کیا تم نے کسی کو پھول فروخت کرتے ہوئے دیکھا ہے؟ اگر کوئی گل فروش تمھارے آس پاس ہے تو اس سے ان سوالوں کے بارے میں معلوم کرو اور لکھو۔

- کون کون سے مختلف پھول ہیں جن کو وہ فروخت کرتے ہیں؟ ان سے تین پھولوں کے نام پوچھ لو۔

- وہ یہ پھول کہاں سے لاتے ہیں؟

- لوگ پھول کیوں خریدتے ہیں؟

- پھول بیچنے والے کن کن شکلوں میں اپنے پھول فروخت کرتے ہیں؟ ان تصویروں کو دیکھو جن جن شکلوں کو تم نے دیکھا ہے، ان کی نشان دہی کرو۔







© NCERT not to be republished







کوئی اور شکل جسے میں تم نے دیکھا ہو؟

- بعض پھولوں کو مختلف شکلوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً گلاب اور گیندا ہار بنانے کے لیے اور کھلی ہوئی پتیوں کے لیے بھی۔
  - ان مختلف شکلوں کی قیمت معلوم کرو۔

ایک ہار

ایک لڑی

ایک گلدستہ

  - کیا گل فروش نے گلدستہ بنانا اور پھولوں کی چادر بنانا کہیں سے سیکھا ہے؟ کس سے؟

  - کیا وہ اپنے خاندان کے اور افراد سے بھی یہی کام کرانا چاہیں گے؟ کیوں؟





© NCERT not to be republished

## آؤ یہ سرگرمی انجام دیتے ہیں

- آپ اس کو پانچ یا چھے بچوں کے گروپ میں کر سکتے ہیں۔
- درختوں یا پودوں سے جو پھول جھڑ گئے ہیں ان کو جمع کریں۔ ان کو جماعت میں لائیں۔
- صفائی کے ساتھ ان کو پرانے اخبار کے کاغذ کے درمیان میں پھیلا دیں۔
- خیال رہے کہ پھول ایک دوسرے سے نہ جڑیں۔
- اب اخبار پر ایک وزنی چیز رکھیں اس کو دس سے بارہ دن تک ایک ہی مقام پر رکھا چھوڑ دیں۔
- اس کے بعد سارے پھول بہت احتیاط سے نکال لیں اور ایک اسکریپ بک تیار کریں۔ آپ اس کے لیے ایک استعمال شدہ کاپی یا پرانے اخبار کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- آپ ان خشک پھولوں سے خوبصورت کارڈ بھی بنا سکتے ہیں۔

اپنے پسندیدہ پھول پر ایک نظم لکھیے؟

**برائے استاد:** بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ پھولوں کا بغور مشاہدہ کریں۔ بچوں کی مدد کریں کہ وہ پھولوں میں آسانی سے نظر آنے والی خصوصیات کے مطابق اُن کی گروہ بندی کر سکیں مثلاً پتیوں کی تعداد، رنگ، گچھوں میں یا اکیلے کھلے ہوئے وغیرہ۔



© NCERT not to be republished